**پریس ریلیز**

# ریزرو بینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، ، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی-400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

**15 دسمبر 2017**

## ریزرو بینک نے سنڈیکیٹ بینک پر مالیاتی جرمانہ عائد کیا

ریزرو بینک آف انڈیا نے 12دسمبر 2017 کو سنڈیکیٹ بینک پر 50 ملین روپیہ (پانچ کروڑ روپیہ) کا مالیاتی جرمانہ عائد کردیا ہے۔ ریزرو بینک نے اس بینک پر یہ جرمانہ اس کے ذریعہ چیک پرچیز/ ڈسکاؤنٹنگ، بل ڈسکاؤنٹنگ اور کے وائی سی/منی لانڈرنگ کے خلاف ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے کی وجہ سے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(I)(c) جس کو سیکشن 46(4)(i) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے میں حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے عائد کیا ہے۔

یہ کارروائی ریگولیٹری تعمیل میں کمی کی بنیاد پر کی گئی ہے اس کا مطلب اس بینک کے ذریعہ اپنے گاہکوں سے ہوئے سمجھوتوں کے تحت ٹرانزیکشن کو ناجائز قرار دینا نہیں ہے۔

**پس منظر:**

ریزرو بینک نے اس بینک کی کئی برانچوں میں فراڈ کی جانکاری ملنے پر ایک جانچ کرائی تھی اس جانچ (اسکروٹنی) کے نتائج کی بنیاد پر و اس معاملہ میں داخل دستاویزوں کی تحقیق کے بعد بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا گیا تھا کہ کیوں نہ اس کے خلاف مالیاتی جرمانہ عائد کردیا جائے۔ (ریزرو بینک کی ہدایات کی تعمیل نہ کرنے پر)

اس بینک کے ذریعہ داخل جواب و ذاتی سنوائی پر غور کرنے کے بعد ریزرو بینک اس نتیجہ پر پہونچا کہ آر بی آئی کی گائیڈلائنس کی عدم تعمیل سے متعلق الزامات ثابت ہیں اور اس پر مالیاتی جرمانہ عائد کردیا گیا۔

**پریس ریلیز** 1650/2017-2018

**انیرُدھا ڈی۔ جادھو**
**اسسٹنٹ منیجر**